خوشبودار چائے:

کیتلی میں دو کپ پانی کو گرم کریں۔ادرک کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا اور الا ئچی کو پیس کر کیتلی میں شامل کر دیں۔دودھ علیحدہ اُبال کر رکھ لیں اب پیالیوں میں چائے چھان لیں اور حسب مرضی دودھ اور چینی شامل کر کے لذیذ چائے پیجئے۔

زعفرانی چائے:

پانی دو کپ لیکر اچھا اُبال لیں اور پتی شامل کر کے ڈھکن ڈھانپ دیں اور 5 منٹ دم پر پکائیے۔اب دودھ کو پہلے اچھی طرح سے پکا کر رکھیں ایک چٹکی زعفران اور الائچی شامل کر کے اور تھوڑی دیر دودھ کو پکائیے۔اب اس دودھ میں چینی اور چائے چھان کر 5 منٹ چولہے پر پکائیے۔بہترین زعفرانی چائے تیار ہوگی۔

چاکلیٹی چائے:

کیتلی میں دو کپ چائے اچھی طرح دم دیں۔اب علیحدہ دودھ، چاکلیٹ پاوڈر یا بورنویٹا(Bournvita) ایک ٹیبل اسپون دو ٹیبل اسپون ملک میڈ شامل کر کے اس دودھ کو 5 منٹ پکائیے اب پیالیوں میں چائے چھان لیں اور یہ دودھ ڈال کر چائے پیجئے بہت مزیدار چاکلیٹی چائے تیار ہوگی۔